NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON AVIATION DIVISION ON THE PAKISTAN CIVIL UNMANNED AIRCRAFT SYSTEM BILL, 2022 (GOVERNMENT BILL)

I, the Chairman of Standing Committee on Aviation Division, have the honor to present this report on the Bill for the establishment of a civil unmanned aircraft system authority for the promotion of peaceful use and application of civil unmanned aircraft system [Civil Unmanned Aircraft System Authority Bill, 2022] (Government,Bill) referred to the Committee on 6th August, 2021.

2. The Committee consists of the following: -

1)	**Haji Imtiaz Ahmed Chaudhary**	**Chairman**
2)	Ch. Shaukat Ali Bhatti	Member
3)	Mr. Faiz Ullah	Member
4)	Malik Karamat Ali Khokhar	Member
5)	Mr. Tahir Iqbal	Member
6)	Mr. Niaz Ahmed Jakhar	Member
7)	Ms. Munawara Bibi Baloch	Member
8)	Ms. Asma Qadeer	Member
9)	Ms. Saira Bano	Member
10)	Mr. Jai Parkash	Member
11)	Dr. Khalid Maqbool Siddiqui	Member
12)	Ms. Shahnaz Saleem Malik	Member
13)	Choudhary Faqir Ahmed	Member
14)	Dr. Aisha Ghaus Pasha	Member
15)	Ms. Romina Khursheed Alam	Member
16)	Dr. Darshan	Member
17)	Sardar Muhammad Bux Khan Mahar	Member
18)	Mr. Naveed Dero	Member
19)	Jam Abdul Karim Bijar	Member
20)	Mr. Kamal Ud Din	Member
21)	Chaudhary Ghulām Sarwar Minister for Aviation	Ex-Officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex 'A' in its meetings held on 07-10-2021 and 24-11-2021 and the Committee with the majority vote recommended that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly. Dissent Note of Ms. Aisha Ghaus Pasha, MNA and Ms. Romina Khursheed Alam, MNA is placed at Annex 'B'.

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, 4th February 2022

Sd/-
(HAJI IMTIAZ AHMED CHAUDHARY)
Chairman

ANNEX-A

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

to provide for establishment of Civil Unmanned Aircraft System Authority for Pakistan.

WHEREAS it is expedient to provide for the establishment of a civil unmanned aircraft system authority for the promotion of peaceful use and application of civil unmanned aircraft system for commercial, research and development, agriculture and recreation purposes;

AND WHEREAS it is necessary to regulate and promote production, design, manufacturing, acquisition, possession, export and import of civil unmanned aircraft system;

AND WHEREAS the circumstances require to prohibit and criminalize its unauthorized use, application, production, manufacturing, acquisition, possession and export and import of such civil unmanned aircraft system and for matters connected therewith or ancillary thereto;

PART I
PRELIMINARY

1. **Short title, extent and commencement.**—(1) This Act shall be called the Civil Unmanned Aircraft System Act, 2021.

(2) It shall extend to whole of Pakistan.

(3) It shall come in to force at once.

2. **Definitions.**—In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or the context -

(a) "Authority" means the Civil Unmanned Aircraft System Authority established under section 3;
(b) "Chairperson" means Chairperson of the Authority;
(c) "Director General" means the Director-General of the Authority appointed under section 7 of the Act;
(d) "Fund" means the Fund as provided in section 16;
(e) "member" means member of the Authority including the Chairperson;
(f) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act;
(g) "civil unmanned aircraft system" or "CUAS" means a pilot-less aircraft which is either remotely or fully controlled from another place (ground, another aircraft, space) or programmed and fully autonomous;

(h) "rules" means rules made under this Act;

(i) "regulations" means the regulations made under this Act;

(j) "specified" means specified by regulations made under this Act;

(k) "International Civil Aviation Organization" or "ICAO" means an international body established to regulate civil aviation activities throughout the world; and

(l) "Pakistan Civil Aviation Authority" or "PCAA" means an authority established under section 3 of the Pakistan Civil Aviation Authority, Ordinance 1982 (XXX of 1982);

PART II

Establishment of Civil Unmanned Aircraft System Authority

3. **Establishment of the Authority.**—(1) As soon as may be, but not later than thirty days after the commencement of this Act, the Federal Government shall, by notification in the official Gazette, establish an Authority to be known as the Civil Unmanned Aircraft System Authority for carrying out the purposes of this Act.

(2) The Authority shall be a body corporate having perpetual succession and a common seal, with administrative and financial powers, subject to the provisions of this Act, to enter into agreements, contracts, acquire and hold and dispose of property, both movable and immovable and to sue and to be sued.

4. **Power of the Federal Government to issue directives.**—The Federal Government may, as and when it considers necessary, issue directives to the Authority on matters of policy and such directives shall be binding on the Authority and if a question arises whether any matter is a matter of policy or not, the decision of the Federal Government shall be final.

5. **Composition of the Authority.**—(1) The general direction and administration of the institution and its affairs shall vest in the Authority, which shall exercise all powers and perform all its functions in accordance with this Act.

(2) The Authority shall consist of the following members, namely —

(a)	Secretary of the Division to which the affairs of the Authority are allocated	Chairperson
(b)	Vice Chief of Air Staff	Member
(c)	Director General, Civil Aviation Authority	Member
(d)	An officer not below BPS 20 of the division to which business of aviation stands allocated	Member
(e)	An officer not below BPS 20 of the division	Member

	to which business of defence stands allocated	
(f)	An Officer not below BPS 20 of the division to which business of defence production stands allocated	Member
(g)	An Officer not below BPS 20 of the division to which business of interior stands allocated	Member
(h)	An Officer not below BPS 20 of the division to which business of science and technology stands allocated	Member
(i)	Representative from Federal Board of Revenue (FBR) not below BPS-20	Member
(j)	Representatives from federating units including Gilgit-Baltistan and Government of Azad State of Jammu and Kashmir not below BPS-20	Members
(k)	Three eminent experts in civil unmanned aircraft system technology from private sector to be nominated by the Federal Government	Members
(l)	Representative from Survey of Pakistan not below BPS 20	Member
(m)	Representative from Pakistan Space and Upper Atmosphere Research Commission (SUPARCO) not below BPS 20	Member
(n)	Representative from Army Service Group Engineers (ASGE)	Member
(o)	Two members to be nominated by General Headquarters (GHQ) equivalent to Brigadier rank or above	Member
(p)	Director General of Authority	Member-cum-Secretary

(3) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, amend sub-section (2) so as to add any clause thereto, or modify or omit any clause thereof.

(4) The members, other than ex-officio members, shall be appointed in accordance with the prescribed manner.

(5) The members, other than ex-officio members, shall hold office for a term of three years from the date of appointment and shall be eligible for appointment of another term of three years.

(6) The Authority may co-opt any other official or person for any particular agenda item by special invitation.

(7) A member, other than an ex-officio member, may resign from his office by writing under his own hand, addressed to the Chairperson. The same shall be submitted to Federal Government for decision.

6. Meetings of the Authority.—(1) The meetings of the Authority shall be held at least thrice a year at such times and places and in such manner as may be specified by regulations:

Provided that until regulations are made in this behalf, the meetings shall be held as and when convened by the Chairperson.

(2) The Chairperson or, in his absence, a member authorized by him in his behalf and three members shall constitute a quorum for a meeting.

(3) One-half of the total members shall constitute a quorum for meetings requiring a decision by the Authority.

(4) The decisions shall be taken by the majority of members present in a particular meeting, and in case of a tie, the member presiding a meeting shall have a casting vote.

(5) The members shall receive such fee and expenses for each meeting, as may be specified.

7. Director General, terms and conditions of appointment.—(1) The Director-General shall be appointed by the Federal Government who shall be the executive head of the Authority and shall exercise such powers and perform such functions as may, by general or specific delegation, be assigned to him by the Authority, from time to time:

Provided that till a Director General is appointed, on regular basis, the Prime Minister may, immediately after commencement of this Act, appoint an acting Director General of the Authority for a maximum term of three months:

Provided further that the person appointed as acting Director General under this sub-section, shall not be precluded from consideration for appointment on regular basis.

(2) The Director-General shall receive such salary and allowances and be subject to such conditions of service as may be determined by the Federal Government.

(3) The Director-General shall be an eminent expert in aviation sector of known integrity, competence and expertise in handling aviation related issues.

(4) The Director-General shall be answerable to the Authority for all administrative, financial and technical matters.

(5) In case the position of Director-General becomes vacant, the additional charge of the post may be assigned by the Chairperson of the Authority to an officer of the division to which business of aviation stands allocated.

Provided that the term of additional charge arrangement approved by the Chairperson of the Authority, in exercise of powers under this section, shall not exceed a period of thirty days:

Provided further that the interim arrangement to fill the position exceeding one month shall invariably be made with approval of the Prime Minister.

8. **Resignation by the Director-General.**—The Director-General may, by giving one month notice in writing addressed to the Federal Government through the secretary of the division concerned, resign from his office but shall in no case absent himself from office unless the resignation is accepted by the Federal Government.

9. **Removal of the Director-General.**—The Director-General may be removed from office by the Federal Government on the following grounds if he —

(a) has failed to discharge, or becomes incapable of discharging, duties under this Act; or

(b) has been, by a competent court of law, convicted of an offence involving moral turpitude; or

(c) has been, by a competent court of law, declared as un-discharged insolvent or insane or of unsound mind; or

(d) has knowingly acquired or continued to hold as such without the permission in writing of the Federal Government, directly or indirectly or through a partner, any share or interest tangible or intangible in any licence, certificate, permit, authorization, inspections, examinations, or contract related to aviation industry affecting the regulatory control of the Authority.

10. **Recruitment of officers, etc.**—(1) The Authority may, from time to time, appoint such officers, servants, experts and consultants as it may consider necessary for the performance of its functions.

(2) For the purposes of sub-section (1), the Authority shall, by regulations, specify the procedure for appointment of its officers, servants, experts and consultants as well as the terms and conditions of their service.

(3) Upon commencement of this Act, such employees working in the Pakistan Civil Aviation Authority who are relevant with the functioning of the civil unmanned aircraft systems, shall stand transferred to the Authority:

Provided that the terms and conditions of service of such employees, transferred under this sub-section to the Authority shall not be less favourable than their terms and conditions in Pakistan Civil Aviation Authority at the time of transfer to the Authority.

PART-III
POWERS AND FUNCTIONS OF THE AUTHORITY

11. Powers of the Authority.—(1) The Authority shall be responsible for the regulation and control of civil unmanned aircraft systems in the country and shall exercise all powers as shall enable it to effectively perform its functions. In particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, the Authority shall —

(a) specify regulations, including regulations for exercising its powers and performance of its functions and also issue determinations for carrying out the functions of the Authority;

(b) enter into contracts, agreements and memoranda of understandings (MOUs) except the MoUs and Agreements with the foreign governments that shall require approval of the Federal Government;

(c) acquire, lease, encumber, dispose of, exchange, vest or otherwise deal with any moveable or immovable property or any interest therein; and

(d) have the power to —

(i) deny an application for any purpose of UAS but not limited to licence, import, certificate or permit;
(ii) suspend or revoke any certificate or authorization or approval issued under this Act and held by any entity;
(iii) impose penalty of fine as may be prescribed; and
(iv) collect, levy and recover dues, service charges or fees etc. in connection with inspection, examination, test, certificate, licence, permit or authorization of UAS at such rates and manner as may be prescribed, from time to time.

(2) Use, research and development, import or export and other matters related to military drones shall be governed under the Federal Government instructions.

12. Delegation of powers.—The Authority may, by general or special order, delegate to the Director-General or an officer of the Authority any of its powers, duties or functions under this Act, subject to such conditions as it may think fit to impose.

13. Functions of the Authority.—(1) The Authority shall exercise all powers as shall enable it to effectively perform its functions specified in this section. In particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, such powers of the Authority shall include:

(a) to regulate airspace for use of UAS;

(b) provision of air traffic services to UAS;

(c) regulation of import and export of UAS;

(d) regulation of UAS manufacturing in the country;

(e) regulation of research and development on UAS in the country;

(f) provision of technical guidance to industries and manufacturing sector on UAS;

(g) regulation of use of UAS including but not limited to registration, licensing and examination;

(h) development of standards for manufacturing, operations, training, and research and development of UAS;

(i) to carry out training and skill development for manufacturing, operation and research and development of UAS;

(j) implementation of instructions and guidelines issued by ICAO to regulate UAS;

(k) coordination with PCAA in managing all aviation related activities associated with the Authority;

(l) establishment of an infrastructure, in coordination with PCAA, to ensure safe and secure usage of UAS; and

(m) for the purposes of this Act, to request provision of citizens' data from the database of any government ministry/ division or organization to the respective ministry, division, department or organization, as the case may be.

(2) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, amend sub-section (1) so as to add any clause thereto, or modify or omit any clause thereof.

PART IV
VIOLATIONS, PENALTIES, FINES, ETC.

14. Violations, penalties, Fines, etc.—Any violation of this Act or rules made thereunder shall be liable to —

(a) financial penalties as may be prescribed;

(b) legal proceedings under the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860), the Code of Criminal Procedure (Act V of 1898), the Code of Civil Procedure (Act V of 1908) or under any other relevant law for the time being in force; and

(c) cancellation of licence, certification, etc.

15. Prohibition on falsification, reproduction or alteration.—(1) No person shall make or cause to be made -

(a) any fraudulent or intentionally false record or report that is required to be made, kept, or used to show compliance with any requirement under this Act; or

(b) any reproduction or alteration, for fraudulent purpose, of any certificate, authorization, record or report under this Act.

(2) The commission of an act prohibited under sub section (1) shall be liable for any of the following —

(a) denial of an application for any remote pilot certificate or authorization;

(b) suspension or revocation of any certificate or authorization or approval issued by the Authority under this Act and held by that person; or

(c) penalty of fine, as may be prescribed, from time to time.

PART V
FUNDS, BUDGET, ACCOUNTS AND AUDIT

16. Funds of the Authority.—(1) There shall be formed a non-lapsable fund vested in the Authority to be known as the Fund for the purpose of meeting expenses in connection with the functions and operations of the Authority under this Act, including payment of salaries and other remunerations payable to the persons in service of the Authority.

(2) The Fund shall comprise —

(a) income from loan;

(b) grants from the Federal Government;

(c) grants from a Provincial Government;

(d) income from the grant of authorization, certificate and issue of licence;

(e) international grants;

(f) funds from PCAA; and

(g) receipts from such other sources as may be approved by the Authority.

(3) The Fund shall be kept in one or more accounts maintained in local or foreign currency in any scheduled bank in Pakistan, owned and controlled by the Federal Government, and shall be operated in accordance with the regulations so specified.

(4) The Federal Government may fund administrative, operational and any other expenses.

(5) Investments by the Authority, for the purposes of research and development, shall only be made with prior approval of the Federal Government in accordance with instructions issued by the Finance Division, from time to time.

17. Budget.—(1) The Authority shall, in respect of each financial year, submit for the approval of the Federal Government, by such date and in such form as may be prescribed by rules, a statement showing the estimated receipts and expenditures.

(2) Any surplus of receipts over the actual expenditure in a financial year shall be remitted to the Federal Consolidated Fund and any deficit from the actual expenditure shall be made up by the Federal Government.

18. Audit and accounts.—(1) The Authority shall maintain complete and accurate books of accounts of its actual expenses and receipts in such form and manner as the Federal Government may, in consultation with the Auditor-General of Pakistan, determine.

(2) The accounts of the Authority shall be audited by the Auditor General of Pakistan.

PART VI
RULES AND REGULATIONS

19. Power to make rules.—The Federal Government may make rules for carrying out the purposes of this Act.

20. Powers to make regulations.—(1) The Authority may, not inconsistent with this Act and the rules made thereunder, make regulations for the purpose of carrying into effect the internal matters.

PART VII
MISCELLENEOUS

21. Removal of difficulties.—If any difficulty arises in giving effect to any provision of this Act or rules made thereunder, the Federal Government may make such order, not inconsistent with the provisions of this Act, as may appear to it to be necessary for the purpose of removing the difficulty.

22. Act to override other laws.—The provisions of this Act shall have effect not withstanding anything contained in any other law for the time being in force.

23. Indemnity.—No suit or other legal proceedings shall lie against the officers and other staff of the Authority in respect of anything which is done in good faith in performance of their official obligation under this Act.

24. Saving.—Notwithstanding anything contained in this Act, any notification issued, appointment made, powers delegated, contracts entered into, proceedings commenced, rights and liabilities incurred, fee or charges levied, things done or actions

taken, so for as they are not inconsistent with the provisions of this Act, rules and regulations, be deemed to have been made, passed, issued, delegated, entered into, commenced, acquired, incurred, levied, done or taken under this Act.

25. Officers of the Authority to be public servants.—The officers and members of the staff, advisors, consultants, experts of the Authority shall be deemed to be public servants within the meaning of section 21 of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860).

*****

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Unmanned Aircraft System (UAS) is a new entrant in the aviation sector based on cutting-edge technology in aerospace, offering advancements which may open new and improved civil/commercial applications as well as improvements to the safety and efficiency of all civil aviation. It includes a pilot-less aircraft system remotely or fully controlled from another place (ground, another aircraft, space) or programmed and fully autonomous. It is a high-time to regulate UAS in Pakistan.

2. The existing institutional arrangements and legal processes for regulating various aspects of UAS in Pakistan are inadequate which are preventing the government to take firm actions to regulate usage, manufacturing, research and development of UAS and to ensure safety and security of the State. An institutional arrangement is needed to facilitate development and regulation of the sector for promotion of peaceful use of technology. Focused and sustained efforts to develop the sector would require establishment of a separate authority, independent of the existing set-up.

3. The Civil Unmanned Aircraft System Bill, 2021 envisages establishment of an authority which shall regulate various aspects of UAS in Pakistan by ensuring safety and security.

4. The Bill is designed to achieve the aforesaid purpose.

(Ghulam Sarwar Khan)
Minister for Aviation

ANNEX -B

November 24, 2021

Note for Dissent

We, the following members of the Standing Committee on Aviation reject the Civil Unmanned Aircraft System Bill 2021 passed hastily by the Standing Committee. We believe that the creation of this new authority will result in unnecessary financial burden as Civil Aviation Authority already exists and can effectively oversee the domain of unmanned Aircraft System. Another step that can be taken is the creation of a new branch in the Civil Aviation Authority. A new branch in Civil Aviation Authority will certainly cost significantly less the creation of a new authority as proposed in the Bill.

Your Sincerely,

NA-278

Ms. Aisha Ghaus Pasha, MNA

NA 221.

Ms. Romina Khursheed Alam, MNA

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

پاکستان کے لئے بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کا بل، ۲۰۲۲ء (سرکاری بل) پر قائمہ کمیٹی برائے ہوابازی ڈویژن کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ہوابازی ڈویژن ۶/ اگست، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کے پرامن استعمال کے فروغ اور اطلاق کے لئے بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی کے قیام کے بل [بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی بل، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	**حاجی امتیاز احمد چوہدری**	**چیئرمین**
۲۔	چوہدری شوکت علی بھٹی	رکن
۳۔	جناب فیض اللہ	رکن
۴۔	ملک کرامت علی کھوکھر	رکن
۵۔	جناب طاہر اقبال	رکن
۶۔	جناب نیاز احمد جھکڑ	رکن
۷۔	محترمہ منورہ بی بی بلوچ	رکن
۸۔	محترمہ اسماء قدیر	رکن
۹۔	محترمہ سائرہ بانو	رکن
۱۰۔	جناب جئے پرکاش	رکن
۱۱۔	ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی	رکن
۱۲۔	محترمہ شہناز سلیم ملک	رکن
۱۳۔	چوہدری فقیر احمد	رکن
۱۴۔	ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا	رکن
۱۵۔	محترمہ روبینہ خورشید عالم	رکن
۱۶۔	ڈاکٹر درشن	رکن
۱۷۔	سردار محمد بخش خان مہر	رکن
۱۸۔	جناب نوید ڈیرو	رکن
۱۹۔	جام عبدالکریم بجار	رکن
۲۰۔	جناب کمال الدین	رکن
۲۱۔	چوہدری غلام سرور وزیر برائے ہوابازی	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۷/اکتوبر، ۲۰۲۱ء اور ۲۴/نومبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور کمیٹی نے اکثریتی رائے سے سفارش کی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری دے۔ محترمہ عائشہ غوث پاشا، رکن قومی اسمبلی اور محترمہ روبینہ خورشید عالم، رکن قومی اسمبلی کا اختلافی نوٹ منسلکہ۔ب پر موجود ہے۔

دستخط/۔
(حاجی امتیاز احمد چوہدری)
چیئرمین

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۴/فروری، ۲۰۲۲ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

پاکستان کے لئے بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی کا قیام

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پرامن استعمال کے فروغ اور اطلاق کے لیئے تجارتی، تحقیق اور ترقی، زراعت اور تفریح کی اغراض کے لیئے بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارہ کے نظام کی اتھارٹی قائم کی جائے؛

اور چونکہ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی پیداوار، ڈیزائن، مصنوعہ سازی، حصول، تحویل، درآمد اور برآمد کو منضبط اور فروغ دیا جاسکے؛

اور چونکہ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کے غیر مجاز استعمال، اطلاق، پیداوار، تیاری، حصول، تحویل، اور درآمد و برآمد کو، اور اس سے منسلکہ یا اس کی ضمنی معاملات کے لیئے، اس کو مانع و مجرمانہ کیا جائے؛

حصہ اول

ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کے ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

(۳) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی شئے موضوع یا سیاق و سباق کے منافی نہ ہو۔

(الف) ''اتھارٹی'' سے دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی مراد ہے؛

(ب) ''چیئرپرسن'' سے اتھارٹی کا چیئرپرسن مراد ہے؛

(ج) ''ڈائریکٹر جنرل'' سے اس ایکٹ کی دفعہ ۷ کے تحت تقرر کردہ اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل مراد ہے؛

(د) **''فنڈ''** سے فنڈ مراد ہے جیسا کہ دفعہ ۱۶ کے تحت فراہم کیا گیا ہے؛

(ہ) ''رکن'' سے اتھارٹی کا رکن مراد ہے جس میں چیئرپرسن شامل ہے؛

(و) **''صراحت''** سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد میں صراحت کردہ مراد ہے؛

(ز) **''بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کا نظام'' یا ''CAUS''** سے بغیر پائلٹ کے چلنے والا سول طیارہ مراد ہے جو خواہ ریموٹ سے یا مکمل طور پر کسی دوسری جگہ سے (گراؤنڈ، ایک دوسرے جہاز، خلاء سے کنٹرول ہوتا ہو) یا پروگرام کیا گیا ہو یا مکمل خودمختار ہو؛

(ح) **''قواعد''** سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں؛

(ط) **''ضوابط''** سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط مراد ہیں؛

(ی) **''مقررہ''** سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط میں مقرر کردہ مراد ہے؛

(ک) **''بین الاقوامی شہری ہوابازی کی تنظیم'' یا ''ICAO''** سے ایک بین الاقوامی ہیئت مراد ہے جو پوری دنیا میں شہری ہوابازی کی سرگرمیوں کو منضبط کرنے کے لیئے قائم کی گئی ہے؛

(ل) **''پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی'' یا ''PCAA''** سے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی، آرڈیننس ۱۹۸۲ء (۳۰ مجریہ ۱۹۸۲ء) کی دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ اتھارٹی مراد ہے؛

حصہ دوم

بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی کا قیام

۳۔ **اتھارٹی کا قیام:۔** (۱) جتنی جلدی ممکن ہو سکے، مگر اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے بعد تیس ایام کے اندر وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، ایک اتھارٹی قائم کرے گی جو ''بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی اتھارٹی'' کے نام سے موسوم ہوگی تاکہ اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری ہو سکے۔

(۲) اتھارٹی حق جانشینی اور مہر عام کے ساتھ ایک ہیئت جمیہ ہوگی، جسے اس ایکٹ کے احکامات کے تابع، انتظامی اور مالیاتی اختیارات حاصل ہوں گے، اقرار ناموں، معاہدات میں شامل ہو سکے گی، منقولہ وغیر منقولہ ہر دو املاک حاصل کر سکے گی اور قبضے میں رکھ سکے گی اور اس کا تصفیہ کر سکے گی اور مقدمہ کر سکے گی اور اس پر مقدمہ ہو سکے۔

۴۔ **وفاقی حکومت کا ہدایات جاری کرنے کا اختیار** :۔ وفاقی حکومت، جب اور جہاں ضروری خیال کرے، اتھارٹی کو پالیسی معاملات پر ہدایات دے سکے گی، اور ایسی ہدایات اتھارٹی پر لازم ہوں گی، اور اگر اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ آیا کوئی معاملہ پالیسی کا معاملہ ہے یا نہیں ہے، تو وفاقی حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۵۔ اتھارٹی کی ترکیب:۔ (۱) ادارے کی عمومی ہدایت اور انتظام اور اس کے امور اتھارٹی کو تفویض ہوں گے، جو اس ایکٹ کے مطابقت میں تمام اختیارات استعمال کرے گی اور تمام کارہائے منصبی انجام دے گی۔

(۲) اتھارٹی حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہوگی، یعنی۔۔۔

(الف) اس ڈویژن کا سیکرٹری جسے اتھارٹی کے امور سونپے گئے ہوں	چیئر پرسن
(ب) وائس چیف آف ایئر اسٹاف	رکن
(ج) ڈائریکٹر جنرل، سول ایوی ایشن اتھارٹی	رکن
(د) ڈویژن کا کوئی افسر جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو جسے ایوی ایشن کے امور تفویض کئے گئے ہوں	رکن
(ہ) وزارت دفاع کا کوئی افسر جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو	رکن
(و) ڈویژن کا کوئی افسر جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو جسے دفاعی پیداوار کے امور تفویض کئے جائیں۔	رکن
(ز) ڈویژن کا کوئی افسر جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو جسے داخلی امور تفویض کئے جائیں۔	رکن

(ح) ڈویژن کا کوئی افسر رکن
جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو جسے سائنس وٹیکنالوجی مورتفویض کیے جائیں۔

(ط) FBR کا کوئی نمائندہ رکن
جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو

(ی) وفاقی اکائیوں سے نمائندگان جن میں رکن
گلگت بلتستان اور ریاست آزاد جموں وکشمیر شامل ہیں
جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو

(ک) بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کی ٹیکنالوجی کے رکن
تین ممتاز ماہرین نجی شعبے سے جن کا تقرر وفاقی حکومت کرے

(ل) سروے آف پاکستان سے ایک نمائندہ رکن
جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو

(م) سپارکو کا ایک نمائندہ رکن
جو بی پی ایس۔۲۰ سے کم نہ ہو

(ن) آرمی سروس گروپ انجینئرز رکن
(ASGE) کا نمائندہ

(س) دو ارکان جن کا تقرر GHQ کرے گا جو بریگیڈیئر کے مساوی یا رکن
اس سے اعلیٰ عہدے کا ہو

(ف) اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل رکن و سیکرٹری

(۳) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، ذیلی دفعہ (۲) کو ترمیم کر سکتی ہے، تاکہ اس میں کسی شق کا اضافہ کر سکے یا اس کو تبدیل کر سکے یا اس کی کسی شق کو حذف کر سکے۔

(۴) اراکین، علاوہ ازیں بر بنائے عہدہ ارکان کے، صراحت کردہ طریقہ کار کی مطابقت میں تقرر کیئے جائیں گے۔

(۵) ارکان، علاوہ ازیں بر بنائے عہدہ ارکان کے، اپنے تقرر کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک اپنے عہدے پر فائز رہیں گے اور تین سالہ مدت تک ایک اور تقرر کے اہل ہوگا۔

(۶) اتھارٹی کسی دیگر عملہ/شخص کا کسی خاص ایجنڈا آئیم کے لیئے خصوصی دعوت پر، انتخاب کرسکتی ہے۔

(۷) ایک رکن، علاوہ ازیں بر بنائے عہدہ رکن کے، چیئر مین کو مخاطب کرتے ہوئے، اپنی تحریر کے ذریعے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے سکتا ہے۔ اُس کو وفاقی حکومت کو فیصلے کے لیئے پیش کیا جائے گا۔

۶۔ **اتھارٹی کا اجلاس:۔** (۱) اتھارٹی کے اجلاس سال میں تین مرتبہ ایسے اوقات میں اور جگہوں پر اور ایسے طریقہ کار پر جیسا کہ ضوابط میں مقررہ ہو، منعقد کیا جائے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جب تک اس سلسلے میں ضوابط وضع نہیں کیئے جاتے، اجلاس اس وقت ہوں گے جب چیئر پرسن طلب کرے گا۔

(۲) چیئر پرسن یا، اس کی عدم موجودگی میں، رکن جسے اس سلسلے میں وہ اپنی جگہ مجاز کرے اور تین ارکان اجلاس کا کورم تشکیل دیں گے۔

(۳) اتھارٹی کی جانب سے مطلوبہ فیصلہ کرنے کے لئے اجلاس کے لئے کورم کل اراکین کا نصف تشکیل دیا جائے گا۔

(۴) فیصلے ایک خاص اجلاس میں موجود ارکان کی اکثریت کی بناء پر لیئے جائیں گے، اور مساوی ہونے کی صورت میں، رکن جو اجلاس کی صدارت کررہا ہے کا ووٹ حتمی ہوگا۔

(۵) ارکان ہر ایک اجلاس کے لیئے ایسی فیس اور اخراجات وصول کرسکیں گے جیسا کہ مقررہ ہوں۔

۷۔ **ڈائریکٹر جنرل، تقرر کے قیود و شرائط:۔** (۱) ڈائریکٹر جنرل کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے ہوگا جو اتھارٹی کا انتظامی سربراہ ہوگا اور ایسے اختیارات استعمال کرسکتا ہے اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے سکتا ہے جیسا کہ، عمومی یا خصوصی تفویض کے ذریعے، اسے وقتاً فوقتاً، اتھارٹی کی جانب سے دیا گیا ہو۔۔۔

مگر شرط یہ ہے کہ تاوقتیکہ ڈائریکٹر جنرل کا باقاعدہ بنیاد پر تقرر نہ ہو جائے، تو وزیر اعظم اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے فی الفور بعد زیادہ سے زیادہ تین ماہ کی مدت کے لیئے اس اتھارٹی کے قائمقام ڈائریکٹر جنرل کا تقرر کرسکتا ہے۔

مزید شرط یہ ہے کہ اس ذیلی دفعہ کے تحت قائم مقام ڈائریکٹر جنرل کے طور پر تقرر کردہ کوئی شخص باقاعدہ بنیاد پر تقرری سے خارج نہیں کیا جائے گا۔

(۲) ڈائریکٹر جنرل ایسی تنخواہ اور الاؤنسز وصول کرے گا اور ملازمت کی ایسی شرائط کے تابع ہو گا جیسا کہ وفاقی حکومت تعین کرے۔

(۳) ڈائریکٹر جنرل ایوی ایشن سے متعلقہ معاملات سے نمٹنے میں مسلمہ ایمانداری، استعداد اور مہارت کا حامل ایوی ایشن کے شعبے میں ممتاز ماہر ہو گا۔

(۴) ڈائریکٹر جنرل تمام انتظامی، مالیاتی اور تکنیکل معاملات کی بابت اتھارٹی کو جواب دہ ہو گا۔

(۵) ڈائریکٹر جنرل کا عہدہ خالی ہونے کی صورت میں، عہدے کا ایڈیشنل چارج اتھارٹی کے چیئرپرسن کی جانب سے ڈویژن کے کسی افسر کو تفویض کیا جائے گا جس کو ایوی ایشن کے امور تفویض کئے گئے ہوں:

مگر شرط یہ ہے کہ اس دفعہ کے تحت اختیارات استعمال کرتے ہوئے، اتھارٹی کے چیئرپرسن کی جانب سے منظور کردہ ایڈیشنل چارج کے انتظام کی مدت تیس دنوں کی مدت سے زائد نہ ہو گی۔

مزید شرط یہ ہے کہ ایک ماہ سے زیادہ اسامی پر کرنے کے لئے عبوری انتظام کو وزیراعظم کی منظوری سے غیر متبدل بنائی جائے گی۔

۸۔ ڈائریکٹر جنرل کی جانب سے استعفیٰ:۔ ڈائریکٹر جنرل متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری کے ذریعے وفاقی حکومت کو تحریراً مخاطب کرتے ہوئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے سکے گا لیکن کسی بھی معاملے میں اپنے طور پر عہدے سے غیر حاضر نہیں ہو گا تاوقتیکہ وفاقی حکومت کی جانب سے استعفیٰ قبول نہ کر لیا گیا ہو۔

۹۔ ڈائریکٹر جنرل کی برطرفی:۔ ڈائریکٹر جنرل کو، وفاقی حکومت کی جانب سے، حسب ذیل وجوہات پر عہدے سے برطرف کیا جا سکے گا اگر وہ۔۔۔

(الف) اس ایکٹ کے تحت فرائض، انجام دینے میں ناکام ہو جائے، یا انجام دینے کے قابل نہ ہو؛ یا

(ب) مجاز قانون کی عدالت کی جانب سے، اخلاقی پستی میں ملوث ہونے والے کسی بھی جرم میں سزایاب ہو چکا ہو؛ یا

(ج) مجاز قانون کی عدالت کی جانب سے غیر مصدقہ دیوالیہ یا پاگل یا فاتر العقل کے طور پر قرار دیا جا چکا ہو؛ یا

(د) وفاقی حکومت کی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی لائسنس، سرٹیفکیٹ، اجازت نامے، اختیار نامے، معائنہ جات، امتحانات میں یا اتھارٹی کے انضباطی کنٹرول کو متاثر کرنے والی ایوی ایشن کی صنعت سے متعلق رابطہ مادی یا غیر مادی کوئی بھی حصہ یا مفاد بلا واسطہ یا بالواسطہ طور پر یا حصہ دار کے ذریعے سے جان بوجھ کر اس طرح حصول کیا ہو یا جاری رکھا ہو۔

۱۰۔ افسران، وغیرہ کی بھرتی:۔ (۱) اتھارٹی، وقتاً فوقتاً، ایسے افسران، ملازمین، ماہرین اور کنسلٹنٹس کا تقرر کر سکے گی جیسا کہ وہ اپنے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے ضروری سمجھے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی اغراض کے لیے، اتھارٹی، ضوابط کے ذریعے، اپنے افسران، ملازمین، ماہرین اور کنسلٹنٹس کی تقرری کے لیے ضابطہ نیز ان کے ملازمت کے قیود و شرائط کی صراحت کرے گی۔

(۳) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ پر، پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی میں کام کرنے والے ایسے ملازمین جو بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کے کار منصبی سے متعلق ہوں، اتھارٹی میں منتقل شدہ سمجھے جائیں گے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اتھارٹی میں، اس ذیلی دفعہ کے تحت منتقل شدہ، ایسے ملازمین کی ملازمت کے قیود و شرائط اتھارٹی میں منتقلی کے وقت پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی میں ان کی قیود و شرائط سے کم موافق نہ ہوں گی۔

حصہ سوم

اتھارٹی کے اختیارات اور کارہائے منصبی

۱۱۔ اتھارٹی کے اختیارات:۔ (۱) اتھارٹی ملک میں بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کے ضابطے اور کنٹرول کی بابت ذمہ دار ہو گی اور تمام اختیارات استعمال کرے گی جسے اپنے کارہائے منصبی کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے اختیار ہو گا۔ بالخصوص، اور مذکورہ بالا اختیار کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر، اتھارٹی۔۔۔۔

(الف) ضوابط، بشمول اپنے اختیارات استعمال کرنے اور اپنے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے ضوابط کی صراحت کرے گی اور اتھارٹی کے کارہائے منصبی کی بجا آوری کے لیے فیصلوں کو بھی جاری کرے گی؛

(ب) غیر ملکی حکومتوں کے ساتھ MOUs/اقرار ناموں کے سوا جس میں وفاقی حکومت کی منظوری درکار ہوگی معاہدات/اقرار نامے/MOUs کرے گی؛

(ج) کسی بھی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کے ساتھ معاملت کرنے یا اس میں کسی بھی مفاد کو حاصل، پٹہ، گھیراؤ، اس کا تصفیہ، تبادلہ، تفویض یا بصورت دیگر کرے گی؛ اور

(د) حسب ذیل اختیار حاصل ہوگا۔۔۔

(اول) UAS کی غرض کے لیے کسی درخواست سے انکار کرنا لیکن لائسنس، درآمد، سرٹیفکیٹ، یا اجازت نامے تک محدود نہ ہوگا؛

(دوم) اس ایکٹ کے تحت جاری کردہ اور کسی بھی ہیئت کے زیر اہتمام کسی بھی سرٹیفکیٹ یا اختیار نامے یا منظوری کو معطل یا منسوخ کرنا؛

(سوم) جرمانے کی سزا عائد کرنا جیسا کہ مقررہ ہو؛ اور

(چہارم) UAS کے معائنے، امتحان، ٹیسٹ، سرٹیفکیٹ، لائسنس، اجازت نامے یا اختیار نامے کے ساتھ منسلک واجبات، سروس چارجز یا فیسیں وغیرہ ایسی شرح سے اور طریقہ کار میں جیسا کہ وقتاً فوقتاً، مقررہ ہوں، اکٹھا کرنا، عائد کرنا اور وصول کرنا؛

(۲) فوجی ڈرون سے متعلق استعمال، تحقیق اور ترقی، درآمد یا برآمد اور دیگر معاملات وفاقی حکومت کی ہدایات کے تحت متعین کیے جائیں گے۔

۱۲۔ تفویض اختیارات:۔ اتھارٹی، عمومی یا خصوصی حکم کے ذریعے، اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل یا کسی افسر کو اس ایکٹ کے تحت اپنے کوئی بھی اختیارات، فرائض یا کارہائے منصبی، ایسی شرائط کے تابع جیسا کہ وہ عائد کرنے کی بابت مناسب سمجھے، تفویض کر سکے گی۔

۱۳۔ اتھارٹی کے کارہائے منصبی:۔ اتھارٹی تمام اختیارات استعمال کرے گی جسے اس دفعہ میں مصرحہ اپنے کارہائے منصبی کو موثر طریقے سے انجام دینے کے لیے اختیار ہوگا۔ بالخصوص، اور مذکورہ بالا اختیار کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر، اتھارٹی۔۔۔

(الف) UAS کے استعمال کے لیے فضائی خلاء کو منضبط کرے گی؛

(ب) UAS کو فضائی ٹریفک خدمات فراہم کرے گی؛

(ج) UAS کی درآمد اور برآمد کا ضابطہ بنائے گی؛

(د) ملک میں UAS تیار کرنے کا ضابطہ بنائے گی؛

(ہ) ملک میں UAS پر تحقیق اور ترقی کا ضابطہ بنائے گی؛

(و) UAS پر صنعتوں اور تیار کرنے والے شعبے کو تکنیکی رہنمائی فراہم کرے گی؛

(ز) UAS کے استعمال کا ضابطہ بنائے گی لیکن جو رجسٹریشن، لائسنسنگ، اور معائنے تک محدود نہ ہوگا؛

(ح) UAS کی تیاری، آپریشنز، تربیت، اور تحقیق اور ترقی کے لیے معیارات کو فروغ دے گی؛

(ط) UAS کی تیاری، آپریشن، اور تحقیق اور ترقی کے لیے تربیت اور مہارت کے فروغ کو آگے بڑھائے گی؛

(ی) UAS کو منضبط کرنے کے لیے ICAO کی جانب سے جاری کردہ ہدایات اور رہنما اصولوں پر عمل درآمد کرے گی؛

(ک) اتھارٹی کے ساتھ منسلکہ تمام ایوی ایشن کی متعلقہ سرگرمیوں کا انصرام کرنے میں PCAA کے ساتھ ہم آہنگی کرے گی؛

(ل) UAS کے محفوظ اور ناقابل تسخیر استعمال کو یقینی بنانے کے لیئے، PACC کے ساتھ ہم آہنگی میں، انفراسٹکچر کا قیام کرے گی؛ اور

(م) اس ایکٹ کی اغراض کے لیے، متعلقہ وزارت، ڈویژن، محکمے یا تنظیم، جیسی بھی صورت ہو، کو کسی بھی سرکاری وزارت/ڈویژن/تنظیم کے ڈیٹا بیس سے شہریوں کا ڈیٹا فراہمی کی درخواست پر مجاز کیا جائے گا۔

(۲) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، ذیلی دفعہ (۱) میں ترمیم کر سکے گی تا کہ اس میں کسی بھی شق کا اضافہ، یا اس کے کسی بھی شق میں ترمیم یا اس کو حذف کیا جا سکے۔

حصہ چہارم

خلاف ورزیاں، سزائیں، جرمانے، وغیرہ:۔

۱۴۔ خلاف ورزیاں، سزائیں، جرمانے، وغیرہ:۔ اس ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی کوئی بھی خلاف ورزی حسب ذیل کی مستوجب ہوگی۔

(الف) مالیاتی سزائیں جیسا کہ مقررہ ہوں؛

(ب) مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء، مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء، مجموعہ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء کے تحت یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر متعلقہ قانون کے تحت قانونی کارروائیاں؛ اور

(ج) لائسنس، سرٹیفکیشن، وغیرہ کی منسوخی۔

۱۵۔ جعل سازی، نقل یا ردوبدل پر ممانعت:۔ **(۱)** کوئی شخص حسب ذیل بنانے یا وضع کرنے کا باعث نہیں ہوگا۔۔

(الف) کوئی بھی پرفریب یا جان بوجھ کر غلط ریکارڈ یا رپورٹ جس کو اس ایکٹ کے تحت بنانے، رکھنے کا تقاضا کیا گیا ہو، یا کسی بھی اقتضاء کی تعمیل ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہو؛ یا

(ب) اس ایکٹ کے تحت کسی سرٹیفکیٹ، اختیار نامے، ریکارڈ یا رپورٹ کی، دھوکہ دہی کی غرض سے، کوئی بھی نقل بنانا یا اس میں ردوبدل کرنا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت، ممنوعہ عمل کا ارتکاب درج ذیل میں سے کسی کا بھی ذمہ دار ہوگا۔

(الف) کسی بھی دورافتادہ ہوا باز سرٹیفکیٹ یا مجازیت کے اطلاق کی انکاری؛

(ب) اس ایکٹ کے تحت کسی بھی سرٹیفکیٹ یا مجازیت یا منظوری کی معطلی یا منسوخی جو اتھارٹی کی جانب سے جاری کیا جائے اور وہ شخص اس کا حامل ہو؛ یا

(ج) جرمانے کی سزا جیسا کہ وقتاً فوقتاً صراحت کیا جا سکے۔

درج پنجم

فنڈز، میزانیہ، کھاتہ جات اور محاسبہ

۱۶۔ اتھارٹی کے فنڈز:۔ (۱) اتھارٹی میں حاصلہ ناقابل سوخت فنڈ ہوگا جو اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی کے کارہائے منصبی اور کارروائیوں کی ضمن میں اخراجات کو پورا کرنے کی غرض کے لیے "فنڈ" کے نام سے موسوم ہوگا، جس میں اتھارٹی کے حاضر سروس اشخاص کو تنخواہوں کی ادائیگیاں اور دیگر واجبات شامل ہیں۔

(۲) فنڈ درج ذیل پر مشتمل ہوگا۔

(الف) قرض سے آمدن؛

(ب) وفاقی حکومت کی جانب سے عطیات؛

(ج) صوبائی حکومت کی جانب سے عطیات؛

(د) مجازیت، سرٹیفکیٹ اور لائسنس کے اجراء کے عطیے سے آمدن؛

(ہ) بین الاقوامی عطیات؛

(و) پی سی اے اے کی جانب سے عطیات؛ اور

(ز) ایسے دیگر ذرائع کی جانب سے وصولیاں جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے صراحت کی جاسکے۔

(۳) فنڈ کو پاکستان میں کسی بھی جدولی بینک میں مقامی یا بیرونی کرنسی میں قائم کردہ ایک یا زائد کھاتہ جات میں رکھا جائے گا، جس کی ملکیت اور انتظام وفاقی حکومت کی جانب سے ہوگا اور ضوابط کی مطابقت میں استعمال کیے جائیں گے جیسا کہ مخصوص کیے گئے ہوں۔

(۴) وفاقی حکومت انتظامی آپریشن اور کسی دیگر اخراجات کے لیے فنڈ فراہم کرسکے گی۔

(۵) تحقیق اور ترقی کے اغراض کے لیے، اتھارٹی کی جانب سے سرمایہ کاری، خزانہ ڈویژن کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات کی مطابقت میں وفاقی حکومت کی صرف ماقبل منظوری سے کی جائے گی۔

۱۷۔ میزانیہ:۔ (۱) اتھارٹی مالی سال کی ضمن میں، بیانیہ جو تخمینہ جاتی وصولیوں اور اخراجات ظاہر کرے، وفاقی حکومت کی منظوری کے لیے، ایسی تاریخ اور ایسی شکل میں جمع کروائے گی جیسا کہ قواعد کی رو سے صراحت کی جاسکے۔

(۲) مالی سال میں اصل اخراجات سے کوئی بھی زائد وصولیوں کو وفاقی مجموعی فنڈ کو بھیجا جائے گا اور اصل اخراجات میں سے کسی بھی خسارے کو وفاقی حکومت کی جانب سے پورا کیا جائے گا۔

۱۸۔ محاسبہ اور کھاتہ جات:۔ (۱) اتھارٹی اپنے اصل اخراجات اور وصولیوں کے کتابات حسابات کو ایسی تاریخ اور ایسی شکل میں مکمل اور درست طور پر قائم رکھے گی جیسا کہ وفاقی حکومت آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی مشاورت سے تعین کر سکے گی۔

(۲) اتھارٹی کے کھاتہ جات کا محاسبہ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے کیا جائے گا۔

حصہ ششم

قواعد و ضوابط

۱۹۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔ وفاقی حکومت اس ایکٹ کے اغراض کی بجا آوری کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

۲۰۔ ضوابط وضع کرنے کے اختیارات:۔ اتھارٹی، اس ایکٹ اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد سے متناقض ہوئے بغیر، ارادہ کردہ امور کو موثر بنانے کی غرض کے لیے، ضوابط وضع کر سکے گی۔

حصہ ہفتم

متفرقات

۲۱۔ ازالہ مشکلات:۔ اگر اس ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے کسی احکامات کو مؤثر بنانے کے لئے کوئی مشکل پیش آئے تو وفاقی حکومت ایسا حکمنامہ جاری کر سکے گی، جیسا کہ ازالہ مشکلات کی غرض کے لیے ضروری ظاہر ہو سکیں، جو اس ایکٹ کے احکامات سے متقاضی نہ ہو۔

۲۲۔ ایکٹ دیگر قوانین پر غالب ہوگا:۔ اس ایکٹ کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوصف، کے منافی نہ ہوں گے۔

۲۳۔ قانونی ذمہ داری سے برأت:۔ اتھارٹی کے افسران اور دیگر عملے کے خلاف کسی ایسے امر کی ضمن میں نالش یا دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں نہیں لائی جائیں گی جو اس ایکٹ کے تحت انہوں نے اپنے سرکاری فرائض کی کارکردگی میں نیک نیتی سے کیے ہوں۔

۲۴۔ استثناء:۔ اس ایکٹ میں شامل کسی امر کے باوصف، کوئی جاری شدہ اعلامیہ کی گئی تقرریاں، تفویض کردہ اختیارات، کیے گئے معاہدات شروع کی گئی کارروائیاں عائد کردہ حقوق و ذمہ داریاں عائد کردہ فیس یا چارجز کیے گئے کام اور کی گئی کارروائیاں، جب تک کہ وہ اس ایکٹ کے احکامات قواعد و ضوابط کے متقاضی نہ ہوں اس ایکٹ کے تحت کیے گئے، گذشتہ، جاری کیے گئے، تفویض کردہ معاہدہ کردہ، آغاز شدہ، حاصل کردہ، عائد کردہ، عائد شدہ، کیے گئے اور لیے گئے، متصور ہوں گے۔

۲۵۔ اتھارٹی کے افسران سرکاری ملازم ہوں گے:۔ بورڈ کے افسران، عملے کے اراکین، مشیران، کنسلٹنٹ، ماہرین، مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۲۱ کی رو سے سرکاری ملازمین متصور ہوں گے۔

بیان اغراض ووجوہ

بغیر انسان کے چلنے والا سول طیارے کے نظام کا بل، ۲۰۲۱ء

بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کا نظام (UAS) ایوی ایشن کے شعبے میں ایک نیا شریک ہے جو کرہ ہوائی کی جدید ٹیکنالوجی کی بنیاد پر ہے، جو کہ ایک نئے اور بہتر سول رتجارتی اطلاق کو کھول سکتا ہے نیز تمام سول ایوی ایشن کے تحفظ اور استعداد میں بہتری کی جانب پیشرفت کی پیشکش کر رہا ہے۔ اس میں بناء پائلٹ کے سول طیارے جو ایک دوسری جگہ (زمین، ایک دوسرے سول طیارے، فضاء) سے ریموٹ کے ساتھ یا مکمل کنٹرول یا پروگرام کے ذریعے اور مکمل خودمختار سسٹم شامل ہے۔ پاکستان میں UAS کو منضبط کرنے کے لیئے یہ ایک صحیح وقت ہے۔

۲۔ پاکستان میں UAS کے مختلف پہلوؤں کے لیئے موجودہ ادارہ جاتی انتظامات اور قانونی کارروائیاں ناکافی ہیں جو حکومت کو UAS کے استعمال، مصنوعہ سازی، تحقیق اور ترقی کو منضبط کرنے کے لئے اور ریاست کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیئے محکم کارروائیوں سے روکتے ہیں۔ ادارہ جاتی انتظامات کی ضرورت ہے تا کہ ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال کے فروغ کو ترقی دینے اور منضبط کرنے کو بسہولت کیا جاسکے۔ شعبے کی ترقی کے لیئے مرکوز اور قابل بھروسہ کاوشوں کی ضرورت ہوگی تا کہ علیحدہ اتھارٹی، جو موجودہ سیٹ اپ سے آزاد ہو قائم کی جائے۔

۳۔ بغیر انسان کے چلنے والا سول طیارے کے نظام کا بل، ۲۰۲۱ء اتھارٹی کے قیام کو تصور میں لاتا ہے جو پاکستان میں تحفظ اور سلامتی کو یقینی بناتے ہوئے UAS کے مختلف پہلوؤں کو منضبط کر سکے۔

۴۔ بل کا منشاء مذکورہ بالا مقصد کا حصول ہے۔

(غلام سرور خان)

وزیر برائے ایوی ایشن

منسلکہ-ب

۲۴/نومبر، ۲۰۲۱ء

اختلافی نوٹ

ہم، حسب ذیل اراکین قائمہ کمیٹی برائے ہوابازی قائمہ کمیٹی کی جانب سے جلد بازی میں منظور کردہ بغیر انسان کے چلنے والے سول طیارے کے نظام کا بل، ۲۰۲۱ء مسترد کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس نئی اتھارٹی کی تشکیل کے نتیجے میں غیر ضروری مالی بوجھ پڑے گا کیونکہ سول ایوی ایشن اتھارٹی پہلے ہی سے موجود ہے اور بغیر انسان کے چلنے والے طیارے کے نظام کی عمل داری کی مؤثر طور پر نگرانی کر سکتی ہے۔ ایک اور قدم کے طور پر وہ سول ایوی ایشن اتھارٹی کا ایک نیا شعبہ تخلیق کیا جاسکتا ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی میں ایک نئے شعبے کی تخلیق کی لاگت بل میں تجویز کردہ ایک نئی اتھارٹی کی تخلیق کی لاگت سے یقیناً کافی کم ہوگی۔

دستخط/-

محترمہ عائشہ غوث پاشا

محترمہ روبینہ خورشید عالم

اراکین، قومی اسمبلی